لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ٦ — مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ٨ جمادی الثانی سنہ ١٣٤٠ھ مطابق ٦ فروری ١٩٢٢ء — جلد ٥٤

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
١	بابت تکمیل ہسٹری شیٹ	١ و ٢
٢	اضافہ نائب میرمنشی صاحب دارالانشا	٢
٣	بحالی کوتوال صاحب شہر	"
٤	اضافہ و مستقلی من موہن لال دبیر کن سرل؟	"
٥	اجازت تعمیر مسجد	"
٦	ہدایات نسبت تعمیل دفعہ ۰۰۰ ضابطہ فوجداری	٣
٧	نقشہ زخامات؟ اجلاس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ١٩ جنوری سنہ ١٩٢٢ء

استدعا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط)

بخدمت شریف والا جناب صاحب چیف سکریٹری بہادر بالقابہ

جناب من ہسٹری شیٹ ملازمان کی تکمیل اس وقت تک دفتر والی کی برآدرونے ہوتی۔ برآدرو نہیں ملازمان کی ولدیت سکونت وغیرہ درج نہیں ہوا اسلئے ہسٹری شیٹ کا اندراج قابل اطمینان نہیں۔ اسپر اطمینان کرنیکے لئے ضرورت ہے کہ خود ملازمان

حالت کی تحقیق کیجائے - اور یہ اس طریق پر جلد ممکن ہے کہ اہلکاران ہشتری دفاتر و کارخانجات میں خود جاکر ملازمان کی حالت معلوم کریں اور نیز اندراجات کی صحت و سقم ثابت کریں - لہذا درخواست ہے کہ براہ نوازش سکریٹری صاحبان بہادر اور حکام اعلے محکمہ جات ریاست کی خدمت میں اطلاع فرمائی جائے جب اہلکاران سررشتہ ہذا اس کام کی اطلاع دیکر حاضر ہوں - ملازمان ہر دو ناموں کی بابت جلد تکمیل کرادیں اہلکاران سررشتہ کو انتظار نہ کرنا پڑے اگر اتفاق سے اس دن کوئی ملازم غیر حاضر ہو یا موجود نہ ہو تو وہ حسب الطلب بعد تکمیل کے لئے دفتر ہذا میں حاضر ہو جائے - امید ہے کہ اس طریق عمل کو صحیح اور باسہولت تکمیل ہو سکیگی

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۴ر جنوری ۱۹۲۲ء

منشی رگھبیر سہائے نائب میر منشی دارالانشا کی تنخواہ میں بیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا

بحالی

۲۵ر جنوری ۱۹۲۲ء

شرف الدین خان کوتوال شہر اور رضی اللہ خان و علاء الدین خان اپنی اپنی جگہ پر اُسی تاریخ سے جس تاریخ سے وہ علیحدہ ہوئے تھے بحال فرمائے گئے

اضافہ و مستقلی

۲۴ر جنوری ۱۹۲۲ء

حسب استدعا صاحب ہوم سکریٹری بہادر بربنا رپورٹ صاحب ایگزیکٹیو انجنیر مدن موہن لال مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار باضافہ آٹھ روپیہ ماہوار و ہوگیز سرمایہ مشاہرہ دار تیس روپیہ ماہوار باضافہ سات روپیہ ماہوار جو بعہدہ کلرک بصیغہ تعمیر عمل کار سپلائی جس سکشن میں کام انجام دیرہے ہیں) بسلسلہ انتظام آسامی ہائے مستقل سکنڈ کلرک تعمیرات مشاہرہ اڑتیس روپیہ ماہوار سے بدلہ بعہدہ سپرنٹنڈنٹ جات مستقل کیے گئے

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۲ر جنوری ۱۹۲۲ء

درخواست میاں حیدر علی ساکن موضع کوئلی پرگنہ حضور تحصیل مسندی اجازت تعمیر مسجد و چاہ پختہ در موضع مذکور بر رضا مندی رعایا - استاجر پیش ہوکر واضح ہوا کہ قبل از حصول اجازت سائل نے تعمیر شروع کرادی ہے اور چاہ پختہ ابھی تیار نہیں ہوا ہے - چونکہ معاملہ کار خیر ہے اسلیے حسب رپورٹ اجلاس ہذا اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم میں کاغذات پیش ہوکر حکم ہوا کہ تعمیر مسجد و چاہ پختہ کی منظوری دیجاتی ہے - بوجہ کار خیر ہونے کے اس معاملہ میں اس قدر درگذر کیجاتی ہے - برائے آئندہ ہدایت کیجائے کہ قبل از حصول منظوری ایسی کارروائی عمل میں نہ آئے لہذا باجرای احکام عام تحصیلداران کو لکھا جاتا ہے کہ اپنے ماتحتوں کو مطلع کردیں کہ اس امر کی نگرانی رکھی جائے کہ بلا حصول اجازت ایسی تعمیر نہ ہونے پائے -

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۴ر جنوری ۱۹۲۲ء

معلوم ہوا ہے کہ کارروائی دفعہ ۸۸ ضابطہ فوجداری کی تعمیل صحیح طور پر نہیں ہوتی ہے اور بعض اوقات اشتہار دفعہ ۸۷ میں حسب منشا قانون میعاد نہیں ہوتی ہے نہ تاریخ اور مقام حاضری معین ہوتی ہے نہ مشتہری اشتہار کی نسبت ثبوت اسکا ہوتا ہے کہ حسب منشا تعمیل ہوئی (۲) دفعہ مذکورہ کی مشتہری عمل میں آتی ہے کہ کوئی نوٹ عدالت کا بابت مشتہری اشتہار حسب منشا شق (۳) دفعہ مذکورہ ہوتا ہے نیز بحالت عدم حاضری شخص مشتہر شدہ کو قبل اسکے کہ حسب منشا شق (۲) دفعہ ۸۸ میعاد معینہ کا انتظار کیا جائے فوراً نیلام کا حکم دیدیا جاتا ہے اور بحالیکہ کوئی نوٹ اس امر کا نہیں ہوتا کہ فوری نیلام مالک کی منفعت مد نظر ہے چنانچہ حال میں مقدمہ نگرانی نمبر ۲ سرکار بنام غلام نور وغیرہ میں ایسی بے ضابطگی واضح ہوئی ہے مزید براں یہ بھی تھا کہ اشتہار دفعہ ۸۷ کی عبارت میں حکم قرقی مستثنا بغفلت درج تھا حالانکہ ذیل میں تفصیل مال کی کچھ نہ تھی اور وہ خلاف نمونہ تھا نیز یہ کہ ایک مرتبہ قرقی ہوچکی تھی کہ دوبارہ پیشکی کی گئی اور مال دستیاب نہ ہوا تو حکم قرقی دیدیا گیا چنانچہ دوبارہ حکم قرقی دیدیا گیا لہذا ضرورت ہے کہ جملہ عدالتہائے فوجداری کو دفعات ۸۷ و ۸۸ ضابطہ فوجداری کیطرف متوجہ کیا جائے اور تاکید کیجائے کہ دفعات مذکورہ کے مضمون سمجھکر نہایت احتیاط سے اور پابندی جملہ شرائط کے جو دفعات مذکورہ میں درج ہیں آئندہ کارروائی کیا کریں ضابطہ فوجداری کے ضمیمہ پنجم میں نمونہ جات اشتہار و حکم قرقی دفعہ ۸۷ و ۸۸ کے موجود ہیں مطابق اُس کے صحیح نمونے اشتہار و حکم جاری ہونا چاہیے اور جو اس وقت اشتہار مطبوعہ جس عدالت میں موجود ہوں ان کی صحت اور مطابقت ضمیمہ پنجم کے نمونہ جات متعلق سے کرلی جائے اور جو اشتہار خلاف نمونہ ہو انکو قلمزد کردیا جائے

حکم ہے کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا کی جملہ عدالت ہائے فوجداری ریاست بہ ہدایت تعمیل مرسل ہو و ایک نقل درج گزٹ ہو -

صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲۹ جنوری لغایت ۴ فروری ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم				۱۰٫۶ ار		۶ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص				۱۰ ار		۹ ار	
نخود کسہ آمیز				۱۲ ار		۱۰ ار	
کسہ				۱۰٫۱۰ ار		۱۰٫۱۰ ار	
ماش				۹ ار		۸ ار	
مونگ				۸ ار		۹ ار	
مکا				•		•	
جئی				۱۰ ار		۱۱ ار	
گوجئی				۸ ار		۹ ار	
عدس				۸ ار		۶ ار	
ارہر				۱۰ ار		•	
برنج				۱۰٫۵ ار		۵ ار	
روغن زرد				ـ ۱۱۱ ار		•	
روغن سیاہ				۱۰٫۱۲ ار		۱۰٫۱۲ ار	
روغن کنجد				۳ ار		۲ ار	
نمک سانبھر				۱۰ ار		۱۱ ار	
نمک لاہوری				۵ ار		۴ ار	
قند سیاہ				۵ ار		۵ ار	
باجرہ				•		•	

نقشہ نرخ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۳۰ جنوری لغایت ۵ فروری سنہ ۱۹۲۲ء

نام اجناس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰ ما ر		۹ ما ر	۳۰ ما ر		[illegible]	
نخود خاص	۴ ما ر		۴ ما ر	۴ ما ر		۴ ما ر	
نخود گندم آمیز	۳۰ ما ر		۴ ما ر	۲۰ ما ر		۴۰ ما ر	
[illegible]			۴۰ ما ر	۴ ما ر		۵ ما ر	
ماش	۶ ما ر		۶ ما	۶ ما ر		۵۰ ما ر	
مونگ	۵ ما ر		۰	۶ ما ر		۵ ما ر	
مکا	۲۰ ما ر		۲۰ ما ر	۶ ما ر		۶ ما ر	
جئی	۰		۰	۵ ما ر		۵ ما ر	
گوجی	۶۰ ما ر		۰	۵ ما ر		۵ ما ر	
عدس	۲ ما ر		۰	۴ ما ر		۰	
ارہر	۰		۰	۵ ما ر		۰	
برنج	۳۰ ما ر		۴ ما ر	۴۰ ما ر		۵ ما ر	
روغن زرد	یک چھٹانک		۰۱۱ ما ر	۰ ما ر		۱۱ ما ر	
روغن سیاہ	۱۰ ما ر		۲ ما ر	[illegible]		۱۰ ما ر	
روغن کنجد	۱ ما ر		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
نمک سانبھر	۱۲ ما ر		۱۲ ما ر	۵۰ ما ر		۱۱ ما ر	
نمک لاہوری	۱۲		۱۲	۵ ما ر		۱۲	
قند سیاہ	۲ ما ر		۳۰ ما ر	۳ ما ر		۳۰ ما ر	
باجرہ	۲۰ ما ر		۱۰۵	۲۰ ما ر		۲ ما ر	

[illegible]